

# میرے پاس آؤ

یسوع نے فرمایا "چھوٹے بچوں کو میرے پاس آنے دوا نہیں منع نہ کرو کیونکہ آسمان کی بادشاہی ایسوں ہی کی ہے۔"

بچے یسوع کی نظر میں بہت اہم ہے اور وہ اپنے پیروکاروں کو منع فرمایا کہ ان کو اس کے پاس آنے سے نہ روکے، کیونکہ اس نے ان سے اپنی بادشاہی کا وعدہ کیا ہے!

2000 برس قبل یسوع زمین پر پایا آسمان پر جانے سے پہلے اس نے ہمیں بتایا کہ وہ دوبارہ آئے گا جب وہ لوٹے گا تو بطور طاقتور بادشاہ زمین پر حکومت کرے گا۔

یسوع نے آگاہ کیا کہ اس کے آنے سے پہلے زمین کیسی ہو گی وہ چاہتا ہے کہ آپ اس کی آمد کے نشانوں سے واقف ہوں اور خبر دار رہیں۔ کیونکہ وہ چاہتا ہے کہ آپ اس کی آمد کے لیے تیار رہیں۔

ہم کیسے یقیناً جان سکتے ہیں کہ وہ واپس آئے گا؟ مندرجہ ذیل نبوتیں پڑھیں اور معلوم کریں۔



## 1 ہیکل کی بربادی

یسوع کے شاگردوں میں سے کسی نے اس کو ہیکل دکھاتے ہوئے کہا کہ کیسی خوبصورت ہے۔ یسوع نے جواب میں کہا ایک دن یہاں پتھر پر پتھر باقی نہ رہے گا۔ جو گرایا نہ جائے۔

**A.D 70 میں پوری ہوئی۔**

(متی 24:1-2، مرقس 13:1-2، لوقا 21:5-6)

## 2 اسکی آمد کے نشان

اور جب وہ زیتون کے پہاڑ پر بیٹھا تھا تو اس کے شاگردوں نے الگ اس کے پاس آکر کہا ہم کو بتا کہ یہ باتیں کب ہو گی؟ اور تیرے آنے اور دنیا کے آخر ہونے کا نشان کیا ہو گا؟

(متی 24:3، لوقا 21:7)

## 3 جھوٹے اٹھیں گے۔

یسوع نے جواب میں ان سے کہا کہ خبر دار کوئی تم کو گمراہ نہ کردے کیونکہ بہترے جھوٹے کہیں گے کہ میں مسیح ہوں لیکن تم یقین نہ کرنا۔

(متی 24:4-5، مرقس 3:12-13، لوقا 21:8)

## 4 لڑائیاں

اور جب تم لڑائیوں کی خبر سنو تو گھبرانہ جانا ہی ان کا واقع ہونا ضرور ہے لیکن اس وقت خاتمہ نہ ہو گا۔

(متی 24:6، مرقس 13:7، لوقا 21:9)

## 5 یسوع نے فرمایا

"قوم پر قوم چڑھائی کرے گی اور بڑے بڑے بھونچال آئیں گے۔ اور جابجا کال اور مری پڑے گی۔ اور آسمان پر بڑی بڑی دہشتناک باتیں اور نشانیاں ظاہر ہو نگی۔ لیکن یہ سب باتیں مصیبتوں کا شروع ہو گی۔"

(متی 24:7، مرقس 13:8، لوقا 21:10-11)

## 6 مسیحیوں کی ایذارسانی

اس وقت لوگ تم کو ایذادینے کے لئے آپکڑوئیں گے اور تم کو قتل کروائیں گے اور میرے نام کی خاطر سب قومیں تم سے عداوت پر رکھی گئی میرے پیروکاروں کو حاکموں اور بادشاہوں کے سامنے میری خاطر حاظر کئے جاؤگے تاکہ گواہی ہو۔

(متی 24:9، مرقس 13:9، لوقا 21:12-13)

جب وہ تمہیں قید میں ڈالیں تو پہلے سے فکرنہ کرنا کہ ہم کیا کہیں گے جب گواہی کا وقت آئے گا تو روح القدس تمہیں حکمت کے الفاظ دے گا جس سے تیرے دشمن حیران رہ جائیں گے۔

(مرقس 13:11، لوقا 21:14-15)

## 7 خاندانوں میں غداری

خاندان آپ کا مخالف ہو جائے گا اولاد والدین سے بغاوت کرے گی۔ اور قتل کروائے گی میرے نام کے سبب سے لوگ تم سے عداوت رکھیں گے لیکن تمہارے سر کا ایک بال بھی بیکانہ ہو گا۔ اگر مضبوطی سے کھڑے رہو گے تو بچائے جاؤگے۔

(مقدس متی 24:9-10، مقدس لوقا 24:16-19)

## 8 محبت ٹھنڈی پڑ جائے گی۔

بے دینی کے بڑھ جانے سے بہتروں کی محبت ٹھنڈی پڑ جائے گی لیکن جو آخر تک برداشت کرے گا وہ نجات پائے گا۔

(مرقس 24:12-13)

## 9 بادشاہی کی خوشخبری۔

اور بادشاہی کی اس خوشخبری کی منادی تمام دنیا میں ہو گی تاکہ سب قوموں کے لیے گواہی ہو گی۔ تب خاتمہ ہو گا۔

(مرقس 24:14، مرقس 13:10)

## 10 یروشلیم کا گھیراؤ۔

جب تم یروشلیم کو فوجوں سے گھرِا ہوا دیکھو تو جان لینا کہ اس کا اُجڑ جانا نزدیک ہے جب تم اس اُجاڑنے والی مکروہ چیز کو جس کا ذکر دانی نبی کی معرفت ہوا مقدس میں کھڑا ہوا دیکھو تو جو یہودیہ میں ہوں۔ وہ پہاڑوں پر بھاگ جائیں کیونکہ جنگ ہو گی اور یروشلیم لے لیا جائے گا جب تک کہ وقت نہ پورا ہو جائے۔

(مقدس لوقا 24:20–21، مقدس متی 24:15-16)

## 11 مصیبت کا وقت

کیونکہ اس وقت ایسی بڑی مصیبت ہو گی کہ دنیا کے شروع سے نہ اب تک ہوئی نہ کبھی ہو گی لیکن خداوند کے پیروکاروں کے لیے وہ دن گھٹائے گئے ہیں جب یہ سب ہوتے دیکھو تو جان لینا کہ خداوند اپنے دشمنوں کو سزادے رہا ہے۔

(متی 24:21-22، مرقس 13:19-20، لوقا 21:22-23)



## 12 جھوٹے نبی

اگر لوگ کہیں "دیکھو مسیح یہاں ہے یا وہاں ہے تو یقین نہ کرنا کیونکہ جھوٹے مسیح اور جھوٹے نبی اُٹھ کھڑے ہونگے۔ اور ایسے بڑے نشان اور عجیب کام دکھائیں گے کہ لوگ کو گمراہ کرلیں گے۔ اس خبردار رہو۔ اگر لوگ کہیں کہ دیکھو وہ بیابان میں ہے۔ تو باہر نہ جانا کیونکہ جیسے بجلی پورب سے کھوند کر پچھم تک دکھائی دیتی ہے. ویسے ہی آمد ہوگی۔

(متی:24:23-24، مرقس13:21-23، متی24:26-27، لوقا17:23-24)

## 13 آسمانوں میں نشانات

آسمان پر نشان ظاہر ہونگے۔ سورج تاریک ہو جائے گا اور چاند اپنی روشنی نہ دے گا۔ اور ستارے آسمان سے گرے گے اور زمین پر قوموں کو تکلیف ہوگی کیونکہ وہ سمندر اور اس کی لہروں کے شور سے گھبرا جائیں گی۔ اور ڈر کے مارے اور زمین پر آنے والی بلاؤں کی راہ دیکھتے دیکھتے لوگوں کی جان میں جان نہ رہے گی. اس لیے کہ آسمان کی قوتیں ہلائی جائیں گی۔

(لوقا21:25-26، متی24:26، مرقس13:24-25)

## 14 ابن آدم کا نشان

اور اس وقت ابن آدم کا نشان آسمان پر دکھائی دے گا اور اسے بادلوں پر آتا دیکھ کر زمین کی سب قومیں چھاتی پیٹیں گی۔ ان نرسنگے کی آواز کے ساتھ اپنے فرشتوں کو بھیجا گا اور وہ زمین پر اس کے برگزیدوں کو جمع کرے گا جب ایسا ہوتے دیکھو تو اوپر تکنا کیوں کہ وہ تمہارے لیے آرہا ہے۔

(متی24:30-31، مرقس13:26-27، لوقا21:27-28)

Satellite: Galaxy 19
Orbital Location: 97 West
Frequency: 11966 Mhz
Polarization: Horizontal
Symbol Rate: 22000 Msps
FEC: 3/4

## 15 خدا کی بادشاہی

یسوع نے فرمایا انجیر کے درخت سے سیکھو جونہی اس کی ڈالی نرم ہوتی اور پتے نکلتے ہیں تم جان لیتے ہو کہ گرمی نزدیک ہے۔ اسی طرح جب ان باتوں کو دیکھو تو جان لو کہ خدا کی بادشاہی نزدیک ہے کوئی نہیں جانتا کہ یہ کب ہوگا سوائے آسمانی باپ کے۔

(متی24:36، مرقس13:32)

## 16 نوح اور لوط کے دن

نوح کے دنوں میں لوگ کھاتے پیتے اور بیاہ شادی کرتے تھے۔ اسی دن تک کہ نوح کشتی میں داخل ہوا وہ نہیں جانتے تھے کہ سیلاب ان کو تباہ کرنے کے لئے آرہا ہے۔ لوط کے دنوں میں بھی ایسا ہی تھا لوگ کھاتے پیتے تھے اور خرید وفروخت کر رہے تھے جب تک کہ آگ کی بارش نے نازل ہو کر انہیں تباہ نہ کر دیا یسوع کی آمد پر بھی ایسا ہی ہوگا۔ اگر کوئی اپنی جان بچانے کی کوشش کرے گا وہ اسے کھوئے گا اور جان کو کھونے والا اسے بچالے گا۔

(متی24:37-38، لوقا17:32-33، لوقا17:26-30)

## 17 ایک لیا اور دوسرا چھوڑ دیا گیا۔

اس رات دو آدمی ایک چارپائی پر سوتے ہوں گے ایک لے لیا جائے گا دوسرا چھوڑ دیا جائے گا دو عورتیں ایک ساتھ چکی پستی ہوگی ایک لے لی جائے گی اور دوسری چھوڑ دی جائے گی دو آدمی جو کھیت میں ہونگے ایک لیا جائے گا دوسرا چھوڑ دیا جائے گا کہاں خداوند؟ یسوع نے فرمایا. "جہاں مُردار ہے وہاں گدھ بھی جمع ہوں گی۔"

(لوقا17:34-36)

## 18 خبردار جاگتے اور دعا کرتے رہو

یہ اس آدمی کا سا حال جو سفر پر گیا اور جاتے وقت اپنے نوکروں کو اختیار دیا۔ اور انہیں جاگتے رہنے کا حکم دیا پس جاگتے رہو کیونکہ تم نہیں جانتے کہ گھر کا مالک کب آئے گا۔

(مرقس13:34-36)

## 19 تیار رہو

اگر گھر کے مالک کو معلوم ہوتا کہ چور رات کے کون سے پہر آئے گا تو جاگتا رہتا اور اپنے گھر کی حفاظت کرتا کیونکہ یسوع آرہا ہے۔ اس لیے تم بھی اپنے دل کی حفاظت کرو تاکہ وہ خمار اور نشہ بازی اور دنیا کی فکروں سے سُست نہ ہو جائے اور وہ دن تم پر ناگہاں آپڑے۔ پس اس وقت جاگتے اور دعا کرتے رہو تاکہ تم کو ان سب ہونے والی باتوں سے بچنے اور ابن آدم کے حضور کھڑے ہونے کا مقدور رہو۔

(متی24:43-44، مرقس13:33، لوقا21:34-36)

**عظیم بادشاہ یسوع**

**بہت جلد عظیم قدرت اور جلال**

**کے ساتھ پھر جلد آرہا ہے۔**

**خداوند سے ڈرو اور اسے جلال دو**

**کیونکہ عدالت کا وقت آچکا ہے؛**

**اور اس کی عبادت کرو جس نے آسمان اور زمین کو بنایا ہے**

**دیر نہ ہوگی! اب آسمان کی بادشاہی نزدیک آگئی ہے.**

**توبہ کرو اور اس خوشخبری پر ایمان لاؤ۔**

**خداوند سے ملنے کی تیاری کرو!**

# یسوع کی آمد



# کے نشانات

بچوں / اُردو